ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (452)

مورخہ 19/08/2023

**بہاولپور (        ) ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ سول لائنز پولیس کی کامیاب کارروائی، چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان گرفتار۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت چوری شدہ 12 موٹر سائیکل اور 13 تولہ طلائی زیورات برآمد۔ معاشرے کے ایسے منفی عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات اور ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی سربراہی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سول لائنز پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے اسپیشل ٹیم تشکیل دے کر متعدد وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں شہباز شاہ، ناصر علی اور عبداللہ شامل ہیں۔ جن سے متعدد مقدمات ٹریس ہوئے۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیتی 12 عدد موٹر سائیکل اور طلائی زیورات 13 تولے برآمد کر لئے۔ ریکور شدہ زیورات مدعی مقدمہ میں حافظ محمد عاطف کے حوالے کیے، جبکہ بقیہ ریکور شدہ مال مسروقہ بھی اصل مالکان کے حوالے کیا جا رہا ہے۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال جرائم پیشہ افراد سے ریکور کرایا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا بہاولپور پولیس جرائم کی بیخ کنی کیلئے بہترین حکمت عملی کو اپنا کر جرائم پیشہ افراد کا تدارک جاری رکھے گی۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے بہترین کارکردگی پر تھانہ سول لائنز پولیس کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: تھانہ سول لائنز پولیس کی کامیاب کارروائی، متعدد وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان گرفتار، چوری شدہ موٹر سائیکل و طلائی زیورات برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کئے جا رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(453)

مورخہ 19.08.2023

**بہاولپور(            )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاون،گزشتہ روز مختلف مقدمات میں 12 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں منشیات،شراب و اسلحہ ناجائز برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔معاشرے کے ایسے منفی عناصر کسی رعائت کے مستحق نہیں،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ بغدادالجدید،تھانہ سٹی حاصل پور اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 04 ملزمان شیراز،شہباز مرتضی،ظفر اقبال اور جاوید اقبال کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 05 کلو 40 گرام چرس اور 20 گرام ہیروئن برآمد کر لی،جبکہ تھانہ خیرپور ٹامیوالی پولیس نے شراب فروشی کے مرتکب 02 ملزمان ارسلان شاہ اور جہانزیب کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 65 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔اسی طرح اسلحہ ناجائز رکھنے والے افراد کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ سول لائنز،تھانہ عباس نگر،تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ،تھانہ نوشہرہ جدید اور تھانہ اوچ شریف پولیس نے 06 ملزمان عمران،ریاض پھل،فواد،قاسم،شفیق ڈھلوں اور محبوب احمد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 04 عدد پسٹل 30 بور،01 عدد رائفل 7MM اور 01 عدد بندوق 12 بور برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھناؤنے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جا سکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاون،گزشتہ روز مختلف مقدمات میں بھاری مقدار میں منشیات،شراب و اسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان گرفتار